فوری ریلیز کے لیے: 2024/2/9 **گورنر *KATHY HOCHUL***

یومِ مزدور کے موقع پر، گورنر HOCHUL نے مزدور طبقے اور افرادی قوت کی کامیابیوں کو اجاگر کیا ہے تاکہ نیو یارک کے کارکنوں کی معاونت، حفاظت، اور تربیت کی جائے

والدین کے لیے قبل از ولادت بامعاوضہ رخصت دینے والی ملک کی پہلی ریاست

دیگر کامیابیوں میں $200 ملین کی سرمایہ کاری شامل ہے تاکہ نیو یارک کے مکینوں کو مستقبل کی ملازمتوں کے لیے تیار کرنے کے لیے چار آن ریمپ ایڈوانسڈ مینوفیکچرنگ ٹریننگ سینٹرز کی معاونت کی جائے، نگہداشتِ صحت کے ہزاروں کارکنان کی بھرتی اور تربیت کے لیے $646 ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری بھی شامل ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج یومِ مزدور کی تقریبات میں، نیو یارک کے مزدور طبقے اور افرادی قوت کی کامیابیوں کو اجاگر کیا ہے۔ گورنر Hochul نے ملکی قیادت کرنے والے کارکن ایجنڈے کو نافذ کرنے کے لیے محنت و لگن سے کام کیا ہے، جن میں یہ امور شامل ہیں: نیو یارک کی کم سے کم اجرت میں اضافے اور اسے افراط زر سے انڈیکس کرنے کے تاریخی منصوبہ جات، 150,000 سے زیادہ سرکاری ملازمین کو 12 ہفتے کی قبل از ولادت بامعاوضہ رخصت کی پیش کش، اور اجرتوں اور مراعات میں اضافہ کرنے، موجودہ اجرت بڑھانے، ملازمت تلاش کرنے والے افراد کو روزگار کے مواقع سے مربوط کرنے، اور نجی شعبے کے کارکنوں کے لیے ریٹائرمنٹ کی سیکیورٹی کو یقینی بنانے میں مدد کرنے کے لیے دیگر اقدامات۔ گورنر نے اجرت چوری کے خلاف ایک پُرزور کارروائی بھی جاری رکھی ہے اور کارکنوں سے امتیازی سلوک، ان کو ہراساں کرنے، زیادتی کا نشانہ بننے سے بچانے کے لیے نئے اقدامات کو آگے بڑھایا ہے؛ نیو یارک کے انقلابی تبدیلیوں والے پروجیکٹس میں مزدوروں کے لیے بڑی مراعات یقینی بنائی ہیں؛ اور اسٹریٹجک ورک فورس ڈویلپمنٹ کے نئے دفتر کے ذریعے گرانٹس تقسیم کی گئی ہیں تاکہ نیو یارک کے تمام شہریوں کے لیے تربیتی مواقع پیدا کیے جائیں۔

"نیو یارک کے کارکن نہ صرف ہماری معیشت کا پہیہ چلانے والا انجن ہیں - بلکہ یہ ایسے اساتذہ ہیں جو ہمارے بچوں کو تعلیم دیتے ہیں، ایسے قانون نافذ کرنے والے لوگ ہیں جو ہماری کمیونٹیز کی حفاظت کرتے ہیں، اور ایسے تعمیراتی کارکن ہیں جو ہماری ریاست کو نئی بلندیوں تک لے جاتے ہیں، اور ایسی بہت سی باتیں اور بھی کہی جا سکتی ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یومِ مزدور کے موقع پر، جب ہم مزدوروں کے حقوق اور تحفظات کے لیے امریکہ کی منظم مزدور تحریک کی زبردست کامیابیوں اور لگاتار جاری جدوجہد کا احترام کرتے ہیں تو ساتھ ہی ساتھ ہم منصفانہ اجرتوں، نگہداشتِ صحت، اور تمام کارکنوں کے لیے وقار اور احترام کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ یونین کارڈ بدستور ایک ایسی طاقتور علامت ہے جس نے میرے خاندان سمیت، نیو یارک کے لاکھوں خاندانوں کو غربت سے نکالنے میں مدد کی ہے، اور میری انتظامیہ مسلسل اس بات کو یقینی بنائے گی کہ نیو یارک کے تمام شہریوں کو وہ مراعات اور مواقع میسر آئیں جن کی انہیں ضرورت ہے اور جن کے وہ مستحق ہیں۔"

گورنر Hochul ایک طویل عرصے سے نیو یارک کی مزدور یونینز کی حامی رہ چکی ہیں اور نیو یارک کے کارکنوں کی حمایت کے لیے پُرعزم رہیں گی۔ گورنر نے گزشتہ سال مزدوروں اور افرادی قوت کی بڑی کامیابیوں کی بنیاد پر، گزشتہ سال میں کارکنوں کی معاونت، تحفظ اور تربیت کے لیے درج ذیل اقدامات کیے تھے:

اجرتوں اور مراعات میں بہتری لانا

PBA کے ساتھ 3 سالہ لیبر معاہدے کی توثیق: جون 2024 میں، گورنر Hochul نے ریاست نیو یارک کی پولیس بینوولینٹ ایسوسی ایشن کے ساتھ ایک تین سالہ لیبر معاہدے کی توثیق کا اعلان کیا تھا جس میں 1,100 سے زیادہ اراکین شامل ہیں۔

SUNY کے تعمیراتی پروجیکٹس پر پروجیکٹ لیبر معاہدے: مالی سال 2025 کے بجٹ کے حصے کے طور پر، SUNY کے کیمپسز میں $10 ملین کی لاگت سے زائد کسی بھی تعمیراتی پروجیکٹس کے لیے ایک پروجیکٹ لیبر معاہدہ درکار ہو گا۔

درجہ VI میں اصلاحات کے ذریعے بھرتی اور برقرار رکھنے کی کوششیں مضبوط بنانا: مالی سال 2025 کے بجٹ کے حصے کے طور پر، گورنر Hochul نے درجہ 6 کے اراکین کے لیے ریٹائرمنٹ کی مراعات میں دو اصلاحات کا اعلان کیا تھا: سرکاری ملازم کی ریٹائرمنٹ کی مراعات کا تعین کرنے کے لیے آخری سال کی اوسط تنخواہ کو مسلسل پانچ سالوں کی سب سے بلند ترین سے مسلسل تین سال کی سب سے بلند ترین میں تبدیل کرنا، اور ان کی پنشن کی مراعات میں درجہ 6 کے رکن کی شراکت کی شرح کا تعین کرتے وقت اوور ٹائم کی کمائی کا دو سال کا استثنا بڑھانا۔

ذہنی صحت کے کارکنوں کے لیے قرض کی بازادائیگی کے پروگرام میں توسیع کے لیے $5 ملین: نومبر 2023 میں، گورنر Hochul نے کمیونٹی ذہنی صحت کے قرض کی بازادائیگی پروگرام کی مد میں $5 ملین کے اضافے کا اعلان کیا تھا تاکہ ذہنی صحت کے لائسنس یافتہ ماہرین کی اہلیت بڑھائی جا سکے۔

کارکنان کے ہفتہ وار کم از کم معاوضے میں اضافے کی مراعت: ستمبر 2023 میں، گورنر Hochul نے قانون سازی پر دستخط کیے تھے جس کے تحت 1 جنوری 2024 سے مؤثر، کارکنوں کے معاوضے کے ہرجانے کی مراعات کے لیے کم از کم ہفتہ وار مراعات کی شرح میں اضافہ کیا گیا تھا۔ 2013 سے اب تک کم از کم ہفتہ وار مراعات $150 تھی۔ 1 جنوری 2024 سے، کم از کم ہفتہ وار مراعات، $275 فی ہفتہ تک بڑھا دی گئی تھیں، اور 1 جنوری 2025 سے $325 فی ہفتہ تک بڑھا دی جائیں گی۔ 1 جولائی 2026 سے، کم از کم ہفتہ وار مراعات کو ریاست نیو یارک کی اوسط ہفتہ وار اجرت (New York State Average Weekly Wage, NYSAWW) کے ساتھ سالانہ مرتب کیا جائے گا۔

NYS کی بامعاوضہ خاندانی رخصت کی مراعات میں اضافہ، لاگتوں میں کمی: 2023 کے مقابلے میں جنوری 2024 میں بامعاوضہ خاندانی رخصت کے لیے زیادہ سے زیادہ ہفتہ وار مراعات کی شرح $20 سے تجاوز کر گئی تھی۔ بامعاوضہ خاندانی رخصت لینے والے ملازمین اپنی اوسط ہفتہ وار اجرت کا 67 فیصد وصول کرتے ہیں، جو کہ ریاست نیو یارک کی موجودہ اوسط ہفتہ وار اجرت (NYSAWW) کے 67 فیصد تک ہے۔ 2024 کے لیے، NYSAWW کی رقم $1,718.15 تک ہے، جس کا مطلب ہے کہ زیادہ سے زیادہ ہفتہ وار مراعات $1,151.16 ہے۔ بامعاوضہ خاندانی رخصت کو ملازمین کی پے رول کٹوتیوں سے فنڈ کیا جاتا ہے۔ 2024 میں، ملازمین کی شراکت کی شرح، 2023 کے مقابلے میں کم تھی، جس کے نتیجے میں ملازمین کی سالانہ زیادہ سے زیادہ شراکت میں $66.18 تک کی کمی واقع ہوئی تھی۔

روزگار اور تربیت کے لیے مواقع میں اضافہ
بندوق کے پرتشدد استعمال میں کمی لانے کے لیے یوتھ امپلائمنٹ پروگرام کے اگلے مرحلے کے لیے تقریباً $40 ملین: اگست 2024 میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ یوتھ امپلائمنٹ پروگرام کے اگلے مرحلے کے لیے تقریباً $40 ملین ایوارڈ کیے جا چکے ہیں، جس کے نتیجے میں پوری ریاست کی کمیونٹیز میں خطرے سے دوچار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع اور تربیت فراہم کرتے ہوئے بندوق کے پرتشدد استعمال کو کم کرنے میں، نیو یارک کو کافی حد تک مدد ملے گی۔

نگہداشتِ صحت کے مزید کئی ہزار کارکنان کو بھرتی کرنے اور تربیت دینے کے لیے $646 ملین: اگست 2024 میں گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ تین ورک فورس انویسٹمنٹ آرگنائزیشنز (Workforce Investment Organizations, WIO) اگلے تین سالوں میں مجموعی طور پر $646 ملین تک کے ایوارڈز حاصل کریں گی تاکہ

کیریئر پاتھ ویز ٹریننگ پروگرام (Career Pathways Training, CPT) لاگو کیا جائے، جس کے تحت نیو یارک بھر میں صحت، ذہنی صحت اور سماجی نگہداشت کے لیے ہزاروں نئے کارکنان کو بھرتی کیا جائے گا اور تربیت دے جائے گی۔

گیٹ وے ٹنل پروجیکٹ میں سرمایہ کاری: جولائی 2024 میں، گورنر Hochul نے $6.8 بلین کی ایک وفاقی گرانٹ کا اعلان کیا تھا تاکہ گیٹ وے ٹنل پروجیکٹ کو فروغ دیا جائے، جس کے بارے میں توقع ہے کہ اس کے نتیجے میں 95,000 ملازمتیں پیدا ہوں گی اور معاشی سرگرمی میں $19.6 بلین پیدا ہوں گے۔

سیکنڈ ایونیو سب وے پروجیکٹ کی معاونت کے لیے ریاستی فنڈنگ کی مد میں $54 ملین: جولائی 2024 میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ ریاست نیو یارک کی جانب سے سیکنڈ ایونیو سب وے کے توسیعی پروجیکٹ کی معاونت کرنے کے لیے، ریاستی وسائل کی مد میں $54 ملین فراہم کیے جائیں گے جس کے تحت ایسٹ ہارلم میں سیکنڈ ایونیو لائن کو 125ویں اسٹریٹ تک توسیع دی جائے گی۔

نگہداشتِ صحت کی افرادی قوت کی تربیت میں اضافہ کرنے کے لیے $22.5 ملین کی گرانٹ: جولائی 2024 میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ پوری ریاست میں نگہداشتِ صحت کی 28 سہولت گاہوں کو تربیت کے لیے آئندہ سال کے دوران $22.5 ملین دیئے جائیں گے - جو گورنر کی $10 بلین والی کثیر سالہ سرمایہ کاری کا ایک حصہ ہے۔

نیو یارک کے سب سے بڑے ماورائے ساحل ونڈ پروجیکٹ پر تعمیراتی کام کا آغاز: جولائی 2024 میں، گورنر Hochul نے نیو یارک کے سب سے بڑے ماورائے ساحل ونڈ پروجیکٹ، سن رائز ونڈ، پر تعمیراتی کام شروع کرنے کا اعلان کیا تھا، جو کہ Ørsted کی جانب سے تیار کردہ 924-میگا واٹ کا پروجیکٹ ہے۔ یہ 800 سے زیادہ براہ راست ملازمتوں میں معاونت کرے گا اور صنعت کے سرکردہ پروجیکٹ لیبر معاہدوں کے تحت تعمیر کیا جائے گا جو تعمیر کے تمام مراحل میں مقامی یونین مزدوروں کی شرکت کو یقینی بنائے گا۔

PUSH بفلو کے پہلے گرین جاب ٹریننگ سینٹر کا افتتاح: جولائی 2024 میں، گورنر Hochul نے فیتہ کاٹنے کی رسم کا اعلان کیا تھا جو کہ پائیدار افرادی قوت کے تربیتی مرکز کے باضابطہ افتتاح کا اعلان تھا، جو کہ بفلو کے مغربی کنارے پر اس خطے کا پہلا گرین جاب تربیتی مرکز ہے۔

برونکس اور کوئینز میں $3 ملین کی لاگت سے نیا کلائمیٹ جسٹس فیلوشپ پلس پائلٹ پروگرام: جولائی 2024 میں، گورنر Hochul اور نمائندہ Alexandria Ocasio-Cortez نے امریکی محکمۂ لیبر کے لیے $3 ملین کی فنڈنگ کا اعلان کیا تھا، جو اب برونکس اور کوئینز میں، ایک نئے پائلٹ پروگرام، یعنی کلائمیٹ جسٹس فیلوشپ پلس پروگرام (Climate Justice Fellowship Plus Program, CJF Plus) کے ذریعے دستیاب ہے۔

نگہداشتِ صحت کی افرادی قوت تیار کرنے، طالب علم کی ذہنی صحت کی ضروریات پوری کرنے کے لیے SUNY کمیونٹی کالجوں کے لیے فنڈنگ: جون 2024 میں، گورنر Hochul نے اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کے 30 کمیونٹی کالجوں کے لیے مکرر سالانہ فنڈنگ میں $8 ملین کا اعلان کیا تھا - جو تقریباً ایک دہائی میں ہونے والا پہلا اضافہ ہے - تاکہ ریاست نیو یارک اور SUNY نظام کے لیے نگہداشتِ صحت اور ذہنی صحت کے اہداف کو آگے بڑھایا جائے۔

اس موسم گرما میں افرادی قوت میں داخل ہونے کے سلسلے میں خطرے سے دوچار نوجوانوں کی مدد کے لیے $55 ملین: مئی 2024 میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ ریاست نیو یارک کے نوجوانوں کے لیے موسمِ گرما کے ملازمت پروگرام کے ذریعے اس موسم گرما میں ریاست بھر میں کم آمدنی والے گھرانوں کے 20,000 سے زیادہ نوجوانوں کو ملازمت ملنے کی امید ہے۔ عارضی اور معذوری میں امداد کے دفتر کی جانب سے تمام 57 کاؤنٹیوں اور نیو یارک سٹی میں $55 ملین تقسیم کیے گئے ہیں، تاکہ ایسے نوجوانوں کی مدد کی جا سکے جنہیں کسی اور ذریعے سے شاید گرمیوں میں ملازمتوں تک رسائی حاصل نہ ہو، کہ وہ لیبر مارکیٹ میں داخل ہو سکیں، پیشہ ورانہ مہارتیں حاصل کر سکیں اور کیریئر کے ممکنہ راستے تلاش کر سکیں۔

صاف توانائی کی صنعت سے وابستہ افرادی قوت کی تیاری و ترقی کے لیے $11.6 ملین: مئی 2024 میں، گورنر Hochul نے ریاست نیو یارک میں صاف توانائی کی صنعت میں کام کرنے والی افرادی قوت کی تیاری اور ترقیاتی اقدامات کی معاونت کے لیے $11.6 ملین کی فنڈنگ کا اعلان کیا تھا۔

دفتر برائے اسٹریٹجک ورک فورس ڈویلپمنٹ کی وساطت سے $8.7 ملین سے زائد رقم ایوارڈ کی گئی: مئی 2024 میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ نیو یارک کے دفتر برائے اسٹریٹجک ورک فورس ڈویلپمنٹ نے ورک فورس ڈویلپمنٹ کیپٹل اور پے فار پرفارمنس آپریٹنگ گرانٹ پروگرامز کی وساطت سے پوری ریاست میں واقع 11 پروجیکٹس کو $8.7 ملین سے زیادہ کی گرانٹس ایوارڈ کی گئی ہیں۔

گورنر Hochul نے عوامی افرادی قوت کی معاونت کے عزم کو اجاگر کیا: مئی 2024 میں، گورنر Hochul نے خدماتِ عامہ کے یادگاری ہفتے کے اعزاز میں نیو یارک کی عوامی افرادی قوت کی معاونت کرنے کے لیے اپنی انتظامیہ کے عزم کو اجاگر کیا تھا۔ گورنر Hochul نے ریاستی حکومت میں ہزاروں ملازمتوں کے مواقع کے ساتھ ایک تازہ ترین StateJobsNY ویب سائٹ کی نقاب کشائی کی تھی اور ریاستی ملازمتوں کو فروغ دینے اور بھرتی میں اضافہ کرنے کے لیے عوامی آگاہی کی کوشش کا آغاز کیا تھا۔

$10 ملین لاگت کے موہاک ویلی امپاورز گرانٹ پروگرام کا آغاز: اپریل 2024 میں، گورنر Hochul نے موہاک ویلی امپاورز کے آغاز کا اعلان کیا تھا، جو کہ موہاک ویلی کی علاقائی افرادی قوت کے ماحولیاتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے تیار کیا گیا، ایک تین سالہ، $10 ملین لاگت کا اقدام تھا۔

NYSDOL کیریئر سینٹرز میں CDL سیمولیٹرز: DOL کی جانب سے مزید ہنر مند آپریٹرز حاصل کرنے کے لیے ایک جدید طریقہ اختیار کیا جا رہا ہے۔ نیو یارک کی ٹرکنگ ایسوسی ایشن کے ساتھ ایک دلچسپ شراکت داری کے ذریعے، اس ایجنسی نے کیریئر کی تربیت میں تیزی لانے کے لیے البانی اور یوٹیکا کے کیریئر سینٹرز میں ایک جدید ترین CDL سیمولیٹر پروگرام شروع کیا ہے۔

دفتر برائے جسٹ ٹرانزیشن کی توسیع: مالی سال 2025 بجٹ کے تحت دفتر برائے جسٹ ٹرانزیشن کو $25 ملین سے تقویت بخشی گئی تھی تاکہ مالی سال 2024 کے بجٹ میں قابل تجدید توانائی کے شعبے میں کارکنان کو روزگار کے لیے تیار کرنے کے سلسلے میں افرادی قوت کی تربیت اور دوبارہ تربیت کو ہدف بنانے والی قانون سازی کی معاونت کی جا سکے۔

مالی سال 2025 کے بجٹ کے جزو کے طور پر نیو یارک کی معیشت اور افرادی قوت میں انقلابی تبدیلی لانے کا منصوبہ: مالی سال 2025 کے بجٹ میں اگلی نسل کے چپس پر تحقیق کے لیے $10 بلین کی شراکت داری کا فوری آغاز کرنے کے لیے $500 ملین کی سرمایہ کاری شامل تھی؛ آن ریمپ ایڈوانسڈ مینوفیکچرنگ ٹریننگ سینٹرز کی معاونت کرنے اور نیو یارک کے لوگوں کو مستقبل کی ملازمتوں کے لیے تیار کرنے کے لیے $200 ملین کی ایک سرمایہ کاری؛ اور ریاست نیو یارک بھر میں اقتصادی ترقی کو متحرک کرنے کے لیے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو اقدام، NY فارورڈ، FAST NY اور Restore NY کو توسیع دی گئی تھی۔ اس بجٹ میں فنون و ثقافت کے شعبوں کو مضبوط کرنے، نئے عوامی فنون کے اقدامات کی معاونت کرنے کے لیے کیپیٹل فنڈنگ میں $80 ملین کا اضافہ بھی کیا گیا ہے؛ تارکینِ وطن کاروباری افراد کے لیے نئی امداد فراہم کرتا ہے؛ اور وبا سے متعلقہ بیماری کے سبب رخصت کے فرسودہ تقاضوں کو ترک کرتا ہے۔

AIM فنڈنگ میں اضافہ: مالی سال 2025 کے بجٹ میں میونسپلٹیز کے لیے AIM فنڈنگ میں $50 ملین کی ایک تقویت شامل ہے۔

تعلیم کے شعبے سے وابستہ افرادی قوت کے تربیتی پروگرامز کی معاونت کے لیے $13.7 ملین: اپریل 2024 میں، گورنر Hochul نے افرادی قوت کے ترقیاتی ایوارڈز کی مد میں $13.7 ملین کا اعلان کیا تھا جو تعلیمی افرادی قوت

میں سرمایہ کاری کے حصے کے طور پر اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک، سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک، اور نجی کالجز اور یونیورسٹیز کے لیے مختص کیے گئے تھے۔

نیو یارک کے نشوونمائی معذوریوں کے شکار شہریوں کی معاونت کے لیے افرادی قوت بڑھانے کے سلسلے میں $32 ملین: مارچ 2024 میں، گورنر Hochul نے $32 ملین کی ایک سرمایہ کاری کا اعلان کیا تھا تاکہ نشوونمائی معذوریوں کے شکار لوگوں کے دفتر کے ساتھ شراکت داری میں اسٹیٹ یونیورسٹی برائے نیو یارک (State University of New York, SUNY) کی جانب سے پیش کردہ براہ راست معاونتی پیشہ ورانہ مہارت کے مائیکرو کریڈینشیل پروگرام کو وسعت دی جائے۔

گورنر HOCHUL نے عالمی وبا کے بعد ریاست کی اقتصادی طور پر مکمل بحالی کی خوشی منائی: مارچ 2024 میں، گورنر Hochul نے ریاست نیو یارک کے محکمہ محنت کی جانب سے ڈیٹا کے اجراء کے بعد عالمی وبا سے نیو یارک کی مکمل اقتصادی بحالی کا جشن منایا تھا جس میں بتایا گیا تھا کہ پوری ریاست میں نجی شعبے کی ملازمتوں کی مجموعی تعداد 8,346,200 تک پہنچ گئی ہے – جو ریکارڈ پر موجود بلند ترین سطح ہے۔

اقتصادی ترقی کے ایوارڈز جن سے $5.2 بلین سے زیادہ کی کیپیٹل سرمایہ کاریاں جنم لیں گی: مارچ 2024 میں، گورنر Hochul نے 11 فرمز کو کم لاگت والے پاور ایوارڈز دینے کا اعلان کیا تھا جن سے کیپیٹل سرمایہ کاریوں میں $5.2 بلین سے زیادہ کا اضافہ ہو گا۔ نیو یارک پاور اتھارٹی کے بورڈ آف ٹرسٹیز کی جانب سے منظور کردہ یہ ایوارڈز پوری ریاست میں 5,781 ملازمتوں کی معاونت کر رہے ہیں۔

SUNY اور CUNY کے ورک فورس ڈویلپمنٹ پروگراموں کے لیے ٹیوشن اسسٹنس پروگرام کی اہلیت کے عمل کا آغاز: مارچ 2024 میں، گورنر Hochul نے ٹیوشن اسسٹنس پروگرام کی سب سے پہلی اہلیت کے آغاز کا اعلان کیا تھا جس کے تحت SUNY اور CUNY کے ایسے سینکڑوں بغیر-ڈگری والے پروگراموں کا احاطہ کیا جائے گا جن کے نتیجے میں زیادہ مطلوبہ، ترقی کرنے والے شعبوں میں ملازمتیں ملتی ہیں۔

ریاست کے چھوٹے کاروباری کریڈٹ اقدام کے ذریعے $500 ملین کی سرمایہ کاری: فروری 2024 میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ نیو یارک وفاقی اقدام برائے شمولیتی انٹرپرینیورشپ میں حصہ لے گا، جو کہ امریکی محکمۂ خزانہ کی زیرِ قیادت کی جانے والی ایک قومی کوشش ہے تاکہ سماجی اور معاشی طور پر پسماندہ انفرادی ملکیت والے چھوٹے کاروباری اداروں کے لیے سرمائے تک رسائی میں توسیع لائی جائے۔ اقدام برائے شمولیتی انٹرپرینیورشپ کا مقصد یہ ہے کہ تاریخی طور پر پسماندہ طبقات کے لوگوں کے ملکیتی چھوٹے کاروباری اداروں کی مدد کی جائے اور امریکی خزانے کے $10 بلین مالیتی ریاستی چھوٹے کاروباری کریڈٹ اقدام کے منصفانہ نفاذ کو یقینی بنایا جائے – جس میں سے نیو یارک کو $500 ملین سے زیادہ حاصل ہوئے ہیں۔

ماورائے ساحل ونڈ تربیت اور افرادی قوت کی ترقی کے لیے گرانٹس کی مد میں $4 ملین: فروری 2024 میں، گورنر Hochul نے ماورائے ساحل ونڈ تربیتی انسٹی ٹیوٹ گرانٹس کی مد میں تقریباً $4 ملین کے دوسرے راؤنڈ کا اعلان کیا تھا جو افرادی قوت کی ترقی کے لیے ایوارڈ کیے گئے تھے۔ یہ فنڈنگ ریاستی یونیورسٹی آف نیو یارک کے کیمپس کی زیرِ قیادت آٹھ پروگرامز میں معاونت کرتی ہے جو کہ طلباء کو ابھرتی ہوئی اس ماورائے ساحل ونڈ صنعت میں کیریئرز کے لیے تیار کرنے کے سلسلے میں تشکیل دیئے گئے ہیں۔

اساتذہ کی معاونت اور تعلیمی افرادی قوت کے پروگراموں میں بڑے اضافے: فروری 2024 میں، گورنر Hochul نے ریاست نیو یارک کے دو تعلیمی اقدامات میں اہم پیشرفت کا اعلان کیا تھا جو ریاست کی تدریسی افرادی قوت کو مضبوط بنانے کے لیے کی گئی تھیں۔ پہلا اقدام، ایجوکیٹر کیریئر ڈویلپمنٹ ایمبیسیڈر پروگرام کی توسیع ہے، جس کے شرکاء کی تعداد دوسرے گروپ میں دو گنا حجم تک یعنی 60 شرکاء تک پہنچ گئی تھی۔ دوسرے اقدام کی جانب سے، امپائر اسٹیٹ ٹیچر ریذیڈینسی پروگرام کے حصے کے طور پر 400 ٹیچر ریذیڈینٹس کو ماسٹر ڈگری یا سرٹیفیکیشن کے حصول میں مدد کے لیے نیو یارک سٹی ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کو $12 ملین اور پندرہ رہائشیوں کی مدد کے لیے کایوگا-اونونڈاگا BOCES کو $442,930 فراہم کیے جا رہے ہیں۔

زیرِ حراست افراد کو رہائی سے قبل ریاست کی جانب سے جاری شدہ IDS فراہم کرنے کے پروگرام میں توسیع: جنوری 2024 میں، گورنر Hochul نے اپنے تاریخی اقدام 'جیل سے جاب تک' کے تحت ایک پروجیکٹ میں توسیع کا اعلان کیا تھا جو محکمہ برائے اصلاحات و کمیونٹی کی نگرانی کی حراست سے رہا ہونے والے افراد کو نان-ڈرائیور ID کارڈز جاری کرتا ہے، جس کے نتیجے میں ان کے لیے افرادی قوت میں دوبارہ شامل ہونا آسان تر ہو جاتا ہے۔

کلین انرجی سے متعلقہ $45 ملین کا اپرنٹس شپ اور پری-اپرنٹس شپ تربیتی اقدام: دسمبر 2023 میں، گورنر Hochul نے ایک نئے $45 ملین اپرنٹس شپ اور پری اپرنٹس شپ کلین انرجی تربیتی اقدام کا اعلان کیا تھا تاکہ مزدور تنظیموں کی یہ صلاحیت بڑھائی جائے کہ وہ صاف توانائی کے شعبے میں کیریئرز کے حصول کے لیے متعلقہ تربیت پیش کر سکیں۔

نیو یارک کے اساتذہ کی افرادی قوت میں اضافے میں مدد کی خاطر $4.8 ملین: دسمبر 2023 میں، گورنر Hochul کی جانب سے نیو یارک کے $30 ملین لاگت کے امپائر اسٹیٹ ٹیچر ریذیڈنسی پروگرام کے ذریعے فنڈنگ ایوارڈز کے دوسرے راؤنڈ کے حصے کے طور پر $4.8 ملین کا اعلان کیا گیا تھا تاکہ ٹیچر ریذیڈنٹس کے لیے ماسٹر ڈگریوں کو مکمل یا جزوی طور پر فنڈ دے کر تعلیمی افرادی قوت کو بڑھایا جائے اور متنوع بنایا جا سکے۔

مرکزی نیو یارک میں ٹیکنالوجی مینوفیکچرنگ میں ملازمتوں کے لیے طلباء کو تیار کرنے کے لیے انقلابی تبدیلی والی سرمایہ کاریاں: دسمبر 2023 میں، گورنر Hochul نے مرکزی نیو یارک کے پہلے علاقائی ٹیکنیکل ہائی اسکول یعنی - سیراکیوز سائنس، ٹیکنالوجی، آرٹس اینڈ میتھس ہائی اسکول کا سنگِ بنیاد رکھا تھا، جو $71 ملین کے ریاستی عزم کی بدولت 2025 میں کھولا جائے گا۔

نیو یارک کی اقلیتوں - اور خواتین کی ملکیت والے کاروباروں کے لیے سرٹیفیکیشن کے حصول میں ہونے والی تاخیر کا خاتمہ: نومبر 2023 میں، گورنر Hochul نے اقلیتی اور خواتین کی ملکیت والے کاروباری اداروں کے لیے سرٹیفیکیشن کے حصول میں نیو یارک میں کئی برسوں سے جاری تاخیر کو ختم کرنے پر اپنی دلی مسرت کا اظہار کیا تھا جس سے قبل گورنر کی جانب سے مالی سال 2023 کے بجٹ میں سرٹیفیکیشن کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے $11 ملین کی انقلابی تبدیلیاں لانے والی سرمایہ کاری کی گئی تھی۔

ریاستِ نیو یارک کے ماہِ اپرنٹس شپ کے دوران، پری اپرنٹس شپ پروگرامز کے لیے نئی فنڈنگ: نومبر 2023 میں، گورنر Hochul نے ریاستِ نیو یارک بھر میں ڈائریکٹ اینٹری پری اپرنٹس شپ پروگرامز کو فروغ دینے کے لیے $2 ملین کی ایک خطیر سرمایہ کاری کا اعلان کیا تھا۔ گورنر Hochul نے نومبر کو ریاست نیو یارک کے لیے ماہِ اپرنٹس شپ قرار دینے کا بھی فخریہ اعلان کیا تھا۔

REDC اقدام کے ذریعے $57 ملین سے زائد ایوارڈ کیے گئے: نومبر 2023 میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل اقدام کے ذریعے پوری ریاست نیو یارک میں 238 پروجیکٹس کی مدد و معاونت کے لیے $57 ملین سے زائد کی رقم ایوارڈ کی گئی ہیں۔

FAST NY پروگرام کے ذریعے $90 ملین سے زائد ایوارڈ کیے گئے: نومبر 2023 میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ فوکسڈ اٹریکشن آف شوول ریڈی ٹریکٹس نیو یارک گرانٹ پروگرام کے تحت چھ مقامات کو تقریباً $90 ملین کی رقوم ایوارڈ کی گئی ہیں۔ فروری 2022 میں پہلی بار اعلان کردہ یہ پروگرام، ریاست بھر میں ان مقامات کو تیار اور تعمیر کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے تاکہ نیو یارک کے تعمیراتی کام فوری طور پر شروع کیے جا سکیں اور بڑے آجروں اور ہائی ٹیک مینوفیکچرنگ کمپنیوں کے لیے اس کی کشش میں اضافہ کیا جا سکے۔

افرادی قوت کے ترقیاتی گرانٹس ایوارڈز کی مد میں $12 ملین سے زائد: نومبر 2023 میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ ریاست نیو یارک کے دفتر برائے اسٹریٹجک ورک فورس ڈویلپمنٹ نے ورک فورس ڈویلپمنٹ کیپٹل اور پے فار پرفارمنس گرانٹ پروگرامز کے چوتھے راؤنڈ کے ذریعے پوری ریاست میں واقع 15 پروجیکٹس کو $12 ملین سے زیادہ کی گرانٹس ایوارڈ کی ہیں۔

2021 سے لے کر اب تک 13,300 سے زیادہ نئی ملازمتوں کے ساتھ ملازمتوں میں ملک کا معروف اضافہ: اکتوبر 2023 میں، گورنر Hochul نے نیو یارک میں ملک کی سرکردہ مینوفیکچرنگ ملازمتوں میں اضافے کے اعداد و شمار پیش کرتے ہوئے نیشنل مینوفیکچرنگ مہینے کا جشن منایا تھا، جن سے نشاندہی ہوتی تھی کہ ریاست نیو یارک نے 2021 کے بعد سے مینوفیکچرنگ کی 13,300 سے زیادہ نئی ملازمتیں پیدا کی ہیں - جو بیرون ملک سے واپس لائی جانے والی مینوفیکچرنگ کی ملازمتوں کی مد میں پورے ملک میں سب سے بڑی تعداد ہے۔

پناہ کے متلاشیوں اور تارکینِ وطن کے لیے 18,000 ملازمتیں: اکتوبر 2023 میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ ریاست نے تقریباً 400 آجروں کے پاس 18,000 سے زیادہ آسامیاں دستیاب ہونے کی نشاندہی کی ہے جو ایسے تارکین وطن اور پناہ کے متلاشیوں کو ملازمت دینے کے خواہشمند ہیں جنہوں نے امریکہ میں کام کرنے کے لیے قانونی حیثیت حاصل کر لی ہو۔ یہ اعلان، گورنر Hochul کی جانب سے ریاست نیو یارک کے محکمۂ لیبر کو یہ ہدایت جاری کرنے کے ایک ماہ بعد کیا گیا تھا کہ وہ کام کرنے کی قانونی حیثیت حاصل کرنے والے تارکینِ وطن اور پناہ کے متلاشیوں کے لیے ملازمت کے مواقع کو کاروباری اداروں سے جوڑنا شروع کر دیں۔

نشے کی لت سے نجات کے لیے افرادی قوت کی تیاری کے لیے نیا فیلوشپ پروگرام: ستمبر 2023 میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ ریاست نیو یارک کے دفتر برائے نشے کی لت سے نجات کی خدمات اور معاونت کی جانب سے ریاست نیو یارک کے چار میڈیکل اسکولوں میں افرادی قوت کی تیاری اور فیلوشپ پروگرام کی کفالت کے لیے، 7.7$ ملین سے زیادہ کی فنڈنگ تقسیم کی جائے گی۔

کارکنوں کے حفاظتی اقدامات میں تقویت لانا

ماں کا دودھ نکالنے کے بامعاوضہ وقفے کا تقاضا کرنے والا نیا قانون: جون 2024 میں، گورنر Hochul نے ایک نئے قانون کا جشن منایا جو آجرین سے تقاضا کرتا ہے کہ ماں کا دودھ نکالنے کی خاطر ملازمین کو 30 منٹ کا بامعاوضہ وقفہ فراہم کیا جائے۔ یہ فرمان اس وقت لاگو ہو گا جب ملازمین کو اس بات کی خاطر خواہ ضرورت ہو کہ وہ ماں کا دودھ نکالیں اور اس میں بچے کی پیدائش کے بعد تین سال تک کی توسیع ہو سکتی ہے۔

پوری نیو یارک ریاست میں تقریباً 65,000 کارکنوں کی 63$ ملین سے زیادہ کی رقوم بازیاب: جولائی 2024 میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ جب سے انہوں نے اجرتوں کی چوری کے خلاف بڑے کریک ڈاؤن کا اعلان کیا تھا اسکے بعد والے دو برسوں میں ریاست نیو یارک کے محکمۂ لیبر نے اب تک ریاست نیو یارک کے تقریباً 65,000 کارکنوں کی چوری شدہ اجرتوں میں سے 63$ ملین سے زیادہ کی رقم بازیاب کر لی ہے۔

منظم طریقے سے دکانوں سے چوری کا سدّباب کرنے کے لیے پانچ نکاتی منصوبہ: مالی سال 2025 کے بجٹ کے حصے کے طور پر، گورنر Hochul نے منظم خوردہ چوری کا سدباب کرنے کے لیے ایک پانچ نکاتی منصوبہ بنایا تھا:

- کسی ریٹیل کارکن پر حملہ کرنے والے کسی بھی فرد کے خلاف مجرمانہ سزاؤں کی شدت میں اضافہ کرتے ہوئے انہیں معمولی کی جگہ سنگین جرم قرار دیتا ہے۔
- جب پراسیکیوٹرز چوری کے الزامات عائد کرتے ہیں تو پراسیکیوٹرز کو چوری شدہ اشیاء کی قیمتیں شامل کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔
- کسی تیسرے فریق فروخت کنندگان کا پیچھا کرنے کے لیے چوری شدہ اشیاء کی فروخت کے فروغ کو غیر قانونی قرار دیا گیا ہے۔
- اگر کوئی شخص چوری شدہ سامان فروخت کرنے کے لیے کوئی ویب سائٹ یا ظاہری مقام استعمال کرتا ہے تو وہ شخص مجرم قرار دیا جائے گا۔
- ریٹیل چوری کے خلاف سرگرم ٹیموں کے لیے 40.2$ ملین مختص
- اضافی حفاظتی اقدامات میں سرمایہ کاری کرنے کی خاطر چھوٹے کاروباری اداروں کی مدد کے لیے 5$ ملین کا ٹیکس کریڈٹ۔

قبل از پیدائش نگہداشت کے لیے بیماری کی بامعاوضہ رخصت: مالی سال 2025 کے بجٹ کے حصے کے طور پر، ملازمین کے لیے اب ممکن ہو گا کہ بیماری کی موجودہ رخصت کے علاوہ قبل از پیدائش نگہداشت کے لیے اضافی 20 گھنٹے کی بیماری کی بامعاوضہ رخصت حاصل کر سکیں۔

NYSDOL اور اوبر کے درمیان تصفیے کا معاہدہ: نومبر 2023 میں، گورنر Hochul نے ریاست نیو یارک کے محکمۂ لیبر اور اوبر ٹیکنالوجیز انکارپوریٹڈ کے درمیان ایک بے مثال تصفیے کے معاہدے کا اعلان کیا تھا، جو اوبر اور اوبر ایٹس کے ڈرائیورز اور کوریئرز کی جانب سے ماضی اور مستقبل دونوں کی بے روزگاری والی انشورنس کے شراکت والے معاملات حل کرتا ہے۔

سرکاری اسکولوں میں کام کی جگہ پر تشدد کی روک تھام: ستمبر 2023 میں، گورنر Hochul نے کام کی جگہ پر تشدد کی روک تھام کے قانون میں ترمیم کرتے ہوئے قانون سازی پر دستخط کیے تھے، جس کے تحت اس کوریج کو ابتدائی اور ثانوی عوامی تعلیم تک بڑھا دیا گیا تھا جو پہلے مستثنیٰ تھی۔ یہ تقاضا 4 جنوری 2024 سے نافذ العمل ہو گیا تھا جس کے تحت اسکول ڈسٹرکٹس سے تقاضا کیا گیا تھا کہ کام کی جگہ پر تشدد کی پالیسی کا تحریری بیان تیار کریں جس میں کام کی جگہ پر تشدد کی روک تھام کے لیے ڈسٹرکٹ کے اہداف اور مقاصد کا ذکر کیا گیا ہو۔

دیگر اہم کامیابیاں

ریاست بھر میں مزید خاندانوں کو مفت یا کم خرچ پر نگہداشت اطفال فراہم کرنے میں ریاست نیو یارک کی مدد کے لیے ڈیجیٹل پورٹل: جولائی 2024 میں، گورنر Hochul کی جانب سے ny.gov/childcare لانچ کرنے کا اعلان کیا گیا تھا - جو کہ ایک ڈیجیٹل پورٹل ہے، تاکہ ریاست نیو یارک کے نگہداشت اطفال کے اعانتی پروگرام کے ذریعے ریاست بھر کے اہل خاندانوں کے لیے مفت یا کم قیمت والی نگہداشت اطفال کو مزید قابلِ رسائی بنایا جائے۔

اسمال بزنس سمر سیریز: جون 2024 میں، گورنر Hochul نے نیو یارک کی "اسمال بزنس سمر سیریز" کا اعلان کیا تھا – جو نیو یارک کے کاروباری افراد کو مفت وسائل، امداد اور خدمات سے منسلک کرنے کے لیے معلوماتی تقریبات اور ورکشاپس کا ایک سلسلہ ہے۔ اس سیریز میں دوسرا انٹر ایجنسی اسمال بزنس ٹور شامل ہے، اس کے علاوہ 2024 کی اقلیتی اور خواتین کے ملکیتی کاروباری اداروں کی علاقائی نمائش کی سیریز شامل ہے۔

اسکول کی ریکارڈ فنڈنگ: مالی سال 2025 کے بجٹ میں تعلیمی سال 2024-2025 کے لیے اسکول کی کُل امداد میں تقریباً 36$ بلین (فاؤنڈیشن ایڈ کی مد میں 24.9$ بلین) شامل کیے گئے تھے – جو ریاستی تاریخ میں اسکول کی فنڈنگ کی بلند ترین سطح ہے اور اس میں "بے ضرر شرائط برقرار" رکھی گئی ہیں۔

نیو یارک کے ٹرانس جینڈر، صنفی غیر موافق، اور نان بائنری شہریوں کے ملازمت کے تجربات کی تفصیل پر مشتمل اپنی نوعیت کی پہلی رپورٹ: جنوری 2024 میں، گورنر Hochul نے ٹرانس جینڈر امپلائمنٹ اسٹڈی کے نتائج کا اعلان کیا تھا، جو اپنی نوعیت کی ایسی پہلی رپورٹ ہے جس میں کام کی جگہ پر نیو یارک کے ٹرانس جینڈر، صنفی طور پر غیر موافق اور نان بائنری شہریوں کے تجربات کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔

خوراک اور مشروبات کی صنعت کی معاونت کے لیے قانون ساز پیکیج: دسمبر 2023 میں، گورنر Hochul نے نیو یارک کی خوراک اور مشروبات کی صنعت کی معاونت کے لیے ایک قانون ساز پیکیج پر دستخط کیے تھے۔ ان قانون سازیوں کا مقصد یہ ہے کہ ریاست میں فنِ پکوان کی تنظیموں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے اور مقامی کھیتوں اور پروڈیوسرز کی نمائش کی جائے اور SUNY بروم کمیونٹی کالج اور کارنیل یونیورسٹی میں الکحل کی تیاری کی اجازت دی جائے۔

ماہِ اپرنٹس شپ: نومبر 2023 میں، گونر Hochul نے ایک اعلامیہ جاری کیا تھا جس میں نومبر کو ریاست نیو یارک کے لیے ماہِ اپرنٹس شپ قرار دیا گیا تھا۔

سیف + ساؤنڈ ویک: اگست 2024 میں، گورنر Hochul نے قومی سیف + ساؤنڈ ویک کا آغاز کیا تھا، جو 12-18 اگست تک جاری رہا، جس میں ریاست نیو یارک کے اقدامات اور پروگرامز پر روشنی ڈالی گئی تھی، تاکہ ریاست بھر میں کارکنان کی صحت اور تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ اس میں NYS ورکرز کمپنسیشن بورڈ کی جانب سے اُس مہینے میں مفت ویبنارز کے انعقاد کا اعلان بھی شامل تھا تاکہ اہم حقوق اور تحفظات کو سمجھنے میں نیو یارک کے باشندوں کی مدد کی جائے۔

زخمی کارکن کے لیے نئی ٹول کِٹ: جنوری 2024 میں، NYS ورکرز کمپنسیشن بورڈ نے ان کارکنوں کی مدد کے لیے ایک نیا آن لائن ریسورس شروع کیا تھا جو اپنی ملازمت کی وجہ سے زخمی یا بیمار ہو جاتے ہیں۔ یہ زخمی کارکن کے لیے نئی ٹول کِٹ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ڈیزائن کی گئی ہے کہ کوئی بھی فرد جو کام سے متعلقہ بیماری یا چوٹوں کا شکار ہو، وہ صحت یاب ہو کر اپنے پاؤں پر کھڑا ہو جانے کے دوران، اپنے حقوق، دعویٰ دائر کرنے کے طریقے، اور ان کے لیے دستیاب وسائل کو آسانی سے سمجھ سکتا ہو۔ یہ ریسورس متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

ورکرز کمپنسیشن ورچوئل ہیئرنگز ہٹ M1: جولائی 2024 میں، NYS ورکرز کمپنسیشن بورڈ نے اعلان کیا تھا کہ مارچ 2020 سے، ان کی جانب سے **1,032,500 سے زیادہ سماعتیں** منعقد ہوئی ہیں جو ان کے ورچوئل ہیئرنگز نظامکے ذریعے انجام پائی ہیں۔ یہ نظام، زخمی کارکنوں اور دیگر فریقین کے لیے ممکن بناتا ہے کہ کمپیوٹر یا موبائل ڈیوائس کے ذریعے اپنے گھروں، کام کی جگہوں اور دیگر مقامات سے ہی باسہولت طور پر بورڈ کی سماعتوں میں شرکت کر سکیں۔ ریاست نیو یارک کے دفتر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی سروسز (Information Technology Services, ITS) کے ساتھ شراکت میں تیار کیا گیا، بورڈ کا یہ ورچوئل ہیئرنگز کا نظام، ملک میں قانونی سماعتوں کے لیے پہلا ہائی ڈیفینیشن، ہمہ گیر رسائی والا نظام تھا۔ اس کی وجہ سے زخمی کارکنوں کے لیے سماعتیں بہت زیادہ قابل رسائی ہو گئی ہیں، جن میں سے اکثر کارکنوں کو اپنی حالت کی وجہ سے سفر کرنے میں دشواری پیش آتی تھی۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں